**29.12.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

Music

.........................................................................

1۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آئین، ملک کیلئے رہنمائی کرنے والی روشنی ہے جو ہر طرح، وقت پر کھری اُتری ہے۔

2۔ وزیر اعظم نے آکاشوانی پر اپنے 'من کی بات' پروگرام میں عوام سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ اگلے مہینے پریاگ راج میں مہاکنبھ میں شرکت کرتے ہوئے، اتحاد کے جذبے کو اپنائیں۔

3۔ وزیر اعظم مودی نے کہا ہے کہ اگلے سال، عالمی آڈیو ویژوئل تفریحی سمٹ بھارت کو، مواد کی تخلیق کا ایک عالمی مرکز بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

4۔ جنوبی کوریا میں طیارہ حادثے میں مرنے والوں کی تعداد 179 ہوگئی ہے۔

5۔ بھارت کے محکمہ موسمیات نے اگلے تین دن تک پنجاب، ہریانہ اور راجستھان میں گھنے سے بہت گھنے کہرے اور شدید سردی کی پیشگوئی کی ہے۔

6۔ اور کرکٹ میں، آسٹریلیا نے ملبورن میں بارڈر-گواسکر ٹرافی میں اپنی پوزیشن مضبوط کرلی ہے۔ اس نے بھارت پر 333 رن سے سبقت حاصل کرلی ہے۔ ساتھ ہی جسپریت بمراہ کے 200 ٹیسٹ وکٹس مکمل ہوگئے ہیں۔

.........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *PM Mann Ki Baat*

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ آئین، ملک کی رہنمائی کیلئے ایک روشنی ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ بڑے اعزاز کی بات ہے کہ اگلے سال 26 جنوری کو، بھارت کے آئین کے 75 سال پورے ہو رہے ہیں۔

آکاشوانی پر اپنے ''من کی بات'' پروگرام میں، ملک سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ آئین، ہر ایک معنیٰ میں، وقت پر کھرا اُترا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اِس سال یومِ آئین کے موقع پر بہت سی سرگرمیاں شروع ہوئی ہیں، جو پورے سال جاری رہیں گی۔

پریاگ راج میں مہاکنبھ 13 جنوری سے شروع ہو رہا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ کوئی تفریق نہیں برتی جاتی اور اِس طرح کا، تنوع میں اتحاد، دنیا میں کہیں نہیں دیکھنے میں آتا۔ انھوں نے کہا کہ کنبھ، اتحاد کا بھی مہاکنبھ ہے۔

جناب مودی نے عوام سے زور دے کر کہا کہ وہ مہاکنبھ میں شرکت کرتے ہوئے اتحاد کی روح کو اپنائیں۔
جناب مودی نے کہا کہ ایسا پہلی بار ہے کہ کنبھ کے اجتماع کیلئے ایک AI Chatbot کا استعمال کیا گیا ہے۔ کنبھ سے متعلق تمام تر معلومات، بھارت کی گیارہ زبانوں میں دستیاب رہے گی۔

S/B 2100 PM Mahakumbh

Animation کے موضوع پر بات کرتے ہوئے جناب مودی نے خوشی کا اظہار کیا کہ Krish، Trish اور Baltiboy ''کے ٹی بی'' بچوں میں کافی مقبول Animation سیریز ہے۔ آکاشوانی سے KTB سیریز کو ہر اتوار صبح ساڑھے دس بجے نشر کیا جائے گا۔ اِسے دور درشن اور دیگر OTT پلیٹ فارمس پر بھی دیکھا جاسکے گا۔
وزیر اعظم مودی نے فلم اور تفریحی صنعت کو مبارکباد دی کہ اِس سے ''ایک بھارت-شریشٹھ بھارت'' کے جذبے کو مضبوطی ملی ہے۔وزیر اعظم نے خوشی کا اظہار کیا کہ ایسا پہلی بار ہے کہ عالمی آڈیو ویژوئل تفریحی سربراہ کانفرنس WAVES Summit بھارت میں اگلے سال منعقد ہوگی۔ انھوں نے کہا کہ بھارت پانچ ٹریلین ڈالر کی معیشت کی طرف گامزن ہے، لہٰذا تخلیقی معیشت سے، نئی توانائی پیدا ہو رہی ہے۔ انھوں نے بھارت کی پوری تفریحی اور تخلیقی صنعت سے زور دے کر کہا کہ وہ WAVES Summit کا حصہ بن جائے۔ 'من کی بات' کے اِس نشریے میں جناب مودی نے، صحت کے میدان میں بھارت کی دو بڑی حصولیابیوں کا ذکر کیا۔ انھوں نے کہا کہ پہلی حصولیابی، ملیریا کی روک تھام میں ملی ہے۔ وزیر اعظم نے اطمینان کا اظہار کیا کہ عالمی صحت تنظیم WHO کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ 2015 اور 2023 کے درمیان، بھارت میں ملیریا کیسز کی تعداد اور اموات میں 80 فیصد کمی آئی ہے۔

S/B 2100 PM Malariya

انھوں نے یہ وضاحت بھی کی کہ کینسر کے بر وقت علاج کا مطلب ہے کسی مریض کا، 30 دن کے اندر-اندر علاج شروع ہوجانا اور آیوشمان بھارت یوجنا نے اِس میں ایک بڑا رول ادا کیا ہے۔ اِس اسکیم کی وجہ سے کینسر کے 90 فیصد مریضوں کا علاج بروقت شروع کیا جاسکا ہے۔x

## BJP Meeting

آج نئی دلّی میں بھارتیہ جنتا پارٹی کے تنظیمی انتخاب کی جائزہ میٹنگ اِس کے صدر دفتر میں منعقد ہوئی۔ پارٹی کے قومی صدر جگت پرکاش نڈّا نے میٹنگ کے ایک جلسے سے خطاب کیا۔ تنظیم کے جنرل سکریٹری بی ایل سنتوش، قومی جنرل سکریٹریز، سبھی ریاستی صدور، ریاستی تنظیم کے جنرل سکریٹریز اور تنظیم کے انتخاب کے انچارج اور ساتھی انچارج نے میٹنگ میں شرکت کی۔ پارٹی ذرائع نے بتایا کہ اِس جائزہ میٹنگ میں، منڈل، ضلع اور ریاست کے عہدیداروں کے انتخاب پر توجہ مرکوز کی گئی۔ پارٹی کا مقصد اگلے مہینے کی 15 تاریخ تک 50 فیصد ریاستوں میں منڈل، ضلع اور ریاستی عہدوں کیلئے چناؤ مکمل کرلیا جائے۔x

## Chief Justice HP

جسٹس Gurmeet Singh Sandha Walia نے آج شملہ میں راج بھون میں منعقدہ ایک تقریب

میں ہماچل پردیش ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کی حیثیت سے حلف لیا۔ گورنر Shiv Pratap Shukla نے اُنہیں عہدے کا حلف دلایا۔ اس موقع پر وزیرِ علیٰ Sukhu Sukhivnder Singh ریاست کے کابینی وزراء کے ہمراہ موجود تھے۔اس سے قبل 24 دسمبر کو مرکزی حکومت نے پنجاب اور ہریانہ ہائی کورٹ کے سب سے سینئر جج جسٹس Sandha Walia کی ہماچل پردیش ہائی کورٹ کے اگلے چیف جسٹس کے طور پر تقرری کا اطلاع نامہ جاری کیا تھا۔ x

## South Korea Plane Crash

ایک Jeju پرواز، جس میں 181 مسافر سوار تھے، آج صبح سویرے، بینکاک سے Muan بین الاقوامی ہوائی اڈّہ جاتے ہوئے حادثے کا شکار ہوگئی۔ افسران کے مطابق حادثے میں، کم سے کم 179 افراد ہلاک ہوگئے۔

جنوبی کوریا کی، آگ بجھانے والے ایجنسی نے بتایا ہے کہ پرواز کے عملے کے دو افراد زندہ بچے ہیں اور تین دیگر لاپتہ ہیں۔ جن لوگوں کے مرنے کی تصدیق ہوگئی ہے اُن میں 83 خواتین اور 82 مرد ہیں۔ مرنے والوں میں ایسی 11 لاشیں بھی شامل ہیں جن کی جنس کی شناخت نہیں ہوسکی ہے۔

ٹرانسپورٹ کی وزارت نے بتایا کہ بچاؤ کا کام جاری ہے۔ پولیس، فوج اور ساحلی گارڈس کے 700 سے زیادہ افراد کارروائی میں شامل ہیں۔کیمرہ ریکارڈنگ سے پتہ چلا ہے کہ یہ طیارہ رَن وے سے اُتر کر ایک دیوار سے جاٹکرایا اور اس میں آگ لگ گئی۔جنوبی کوریا کے کارگزار صدر Choi Sang-mok نے حادثے کی جگہ کا دورہ کیا اور سبھی دستیاب ذرائع کو فوری کام میں لانے کی ہدایت دی ہے۔کوریا ہوائی اڈّوں کے کارپوریشن نے تصدیق کی ہے کہ Muan بین الاقوامی ہوائی اڈّے جانے والی سبھی پروازوں کو منسوخ کردیا گیا ہے۔x

## Trump H1B Visa

امریکہ میں منتخبہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے H-1B ویزا پروگرام کا دفاع کیا ہے۔ اِس پروگرام کے تحت انتہائی ہنرمند غیرملکی کارکنوں کو، امریکہ آنے کی اجازت ہے۔ایک نیوز میگزین کو انٹرویو دیتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ وہ H-1B ویزا میں یقین رکھتے ہیں، جو اُن غیرملکی ہزاروں کارکنوں کو دیا جاتا ہے، جو روزگار کے خاص موقعوں کیلئے امریکہ آتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ یہ ایک شاندار پروگرام ہے۔جناب ٹرمپ نے اپنی پہلی مدت میں غیرملکی کارکنوں کے ویزا پر بندش لگا دی تھی اور اِس پروگرام کی نکتہ چینی کی تھی لیکن 2024 کی مہم میں انھوں نے ایسے غیرملکی کارکنوں کو قانونی حیثیت دینے کے سلسلے میں کھلے پن کا اظہار کیا تھا، جنھوں نے کسی امریکی یونیورسٹی سے گریجویشن کیا ہو۔ ماہرین اقتصادیات نے اِس سلسلے میں دلیل دی ہے کہ اِس پروگرام سے امریکی کمپنیوں میں مقابلہ جاتی رجحان برقرار رہے گا اور اُن کے کاروبار میں اضافہ ہوگا نیز امریکہ میں روزگار کے مزید موقعے پیدا ہوں گے۔x

## IND - AUS Trade

بھارت اور آسٹریلیا معاشی تعاون اور تجارتی سمجھوتے ECTA نے اپنی غیر معمولی کامیابی کے دو سال مکمل

کرلئے ہیں، جس سے باہمی ترقی اور دونوں ملکوں کی معیشت کی تکمیل کا اظہار ہوتا ہے۔ اس سے دونوں ممالک کے تجارتی تعلقات، MSMEs میں نئے مواقع اور روزگار کے ساتھ-ساتھ اقتصادی شراکت داری کو تقویت ملتی ہے۔ وزارت تجارت و صنعت نے کہا ہے کہ حکومت وزیر اعظم مودی کے 2047 تک بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک کے وژن کو پورا کرنے کیلئے مضبوط تعاون اور اختراعی اقدامات کی رفتار کو برقرار رکھنے کیلئے وقف ہے۔ اس پر دستخط کے بعد سے باہمی تجارت میں دوگنا سے بھی زیادہ اضافہ ہوا ہے، جو 21-2020 کے 12 ملین ڈالر سے بڑھ کر 23-2022 میں 26 بلین ہوگیا ہے۔ جبکہ کُل تجارت 24-2023 میں کم ہوکر 24 بلین رہ گیا ہے اور بھارت سے آسٹریلیا کے برآمدات میں 14 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ رواں مالی سال میں بھی ترقی کی رفتار جاری ہے۔×

## Delhi Police Bangladeshi Migrants

دلّی پولیس نے بھارت میں غیرقانونی طور پر مقیم بنگلہ دیش کے سات شہریوں کو ان کے وطن بھیجا ہے، جن میں پانچ خواتین بھی شامل ہیں۔ خبر ملی ہے کہ یہ لوگ گروگرام میں رہ رہے تھے۔ دلّی پولیس کے مطابق کل ان مائیگریٹنٹس کے غیر قانونی طور پر رہنے کی اطلاع ملی تھی، جس کے بعد ان کو گرفتار کیا گیا۔اس سے پہلے دلّی کے لیفٹینینٹ گورنرونے کمارسکسینہ نے دلّی اور این سی آر خطے میں غیرقانونی طورپرمقیم بنگلہ دیشیImmigrants کی شناخت کرکے اُن کے خلاف سخت کارروائی کرنے کیلئے ایک خصوصی مہم چلانے کا حکم دیا تھا۔ دلّی پولیس مشتبہ بنگلہ دیشی Immigrants کی شناخت کرنے کے لیے مشکوک علاقوں میں لوگوں کے ووٹر آئی ڈی اور آدھار کارڈ چیک کر رہی ہے۔ پولیس ان راستوں کی شناخت کرنے کی بھی کوشش کر رہی ہے، جن سے یہ غیرقانونی مائیگریٹنٹس بھارت آئے تھے۔

## ISRO Spadex

خلائی تحقیق کے بھارتی ادارہ ISRO کل اپنے خلائی Docking تجربے SpaDex کو خلا میں چھوڑنے کیلئے پوری طرح تیار ہے۔ ایک انٹرویو میں خلائی محکمے کے وزیرمملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے بتایا کہ سال کے اختتام پر اسرو کا مشن، تاریخی نوعیت کا ہوگا کیونکہ یہ خلا میں دو سیٹلائٹ کی Docking یا اُنہیں ملانے کے ایک نایاب عمل سے گزرے گا۔ ڈاکٹر سنگھ نے بتایا کہ SpaDex مشن سے بھارت، ملکوں کی ایک خصوصی لیگ میں شامل ہوجائے گا، جو خلا میں Docking کے عمل کے مہارت کے حامل ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ایک منفرد اندازِ نظر کا حامل PSLV راکٹ، دو سیٹلائٹس کو خلا میں چھوڑے گا، جو دیسی ٹیکنالوجی سے لیس ہیں۔ بھارتی Docking سسٹم کی یہ دیسی ٹیکنالوجی، اِس پیچیدہ عمل کو سر انجام دے گی۔ سری ہری کوٹہ کے پہلے لانچ پیڈ سے کل رات 9 بجکر 58 منٹ پر اس کو لانچ کیا جائے گا۔×

## IMD Cold Wave

بھارت کے محکمہ موسمیات نے ملک کے شمالی حصے میں سرد لہر کی وارننگ جاری کی ہے جو آج سے شروع ہوگئی

ہے۔ محکمے نے اپنی پیشگوئی میں کہا ہے کہ مغربی سمت سے ہونے والی موسم کی تبدیلی کے سبب اگلے دو دن کے دوران شمال مغربی بھارت میں کم سے کم درجہ حرارت میں تین سے پانچ ڈگری سیلسیس کی کمی کا امکان ہے۔جموں وکشمیر میں 270 کلو میٹر طویل سرینگر-جموں قومی شاہراہ آج گاڑیوں کی آمد و رفت کیلئے کھول دی گئی ہے۔ کشمیر خطے میں خراب موسم اور شدید برفباری کی وجہ سے یہ شاہراہ دو دن سے بند تھی۔ٹریفک حکام نے بتایا کہ شاہراہ پر مسافر گاڑیوں کی آمد و رفت دونوں طرف سے کھول دی گئی ہے۔اِدھر ہماچل پردیش میں دو دن شدید برفباری اور بارش کے بعد موسم صاف ہوگیا ہے، اگرچہ سرد لہر اب بھی جاری ہے اور محکمہ موسمیات نے اگلے چار دن کیلئے شدید سردی سے آگاہ کیا ہے۔x

### Cricket

ملبورن میں بارڈر-گواسکر ٹرافی کے چوتھے ٹیسٹ کے چوتھے دن Scott Boland اور Nathan Lyon کی جوڑی کے 55 رن کی بدولت آسٹریلیا نے اپنی دوسری اننگز میں 9 وکٹ پر 228 رن بنائے۔ یہ جوڑی ناٹ آؤٹ رہی۔ اِس طرح آسٹریلیا، بھارت سے 333 رن کی سبقت لے گیا ہے۔تیز گیندباز جسپریت بمراہ نے چار وکٹ لئے اور ایک ہی دورس میں Travis Head اور Mitchell Marsh کو آؤٹ کرکے بڑی کامیابی حاصل کی۔ انھوں نے بھارت کیلئے ٹیسٹ میچوں میں 200 وکٹ لے کر آج ایک نیا ریکارڈ بنایا۔محمد سراج نے تین وکٹ لئے۔ پانچ میچوں کی یہ سیریز فی الحال ایک-ایک سے برابر ہے۔x

### Badminton Bronze Lakshya

بیڈمنٹن میں بھارت کے لکشیہ سین نے، کِنگ کپ بین الاقوامی بیڈمنٹن اوپن 2024 کے پہلے میچ میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ انھوں نے آج فرانس کے کھلاڑی Alex Lanier کو اکیس-سترہ، اکیس-گیارہ سے شکست دی۔
اِس سے پہلے لکشیہ کو چین کے Hu Zhe'an کے ہاتھوں شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ لکشیہ اِس ٹورنامنٹ میں بھارت کے واحد کھلاڑی تھے۔x

### Chess Humpy

بھارت کی Koneru Humpy دوسری بار Rapid World Chess چمپئن بن گئی ہیں۔ نیویارک میں انہوں نے عالمی Rapid چمپئن شپ کے فائنل راؤنڈ میں انڈونیشیا کی Irene Sukander کو ہرا دیا۔ Koneru Humpy نے گیارہ راؤنڈ کے بعد ساڑھے آٹھ پوائنٹ حاصل کئے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے انھیں اس جیت پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں اِس کا ذکر کرتے ہوئے کہ وہ یہ خطاب حاصل کرنے والی واحد بھارتی ہیں، جناب مودی نے دوسرے عالمی ریپڈ چمپئن شپ خطاب جیتنے پر ان کی تعریف کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ Humpy کا حوصلہ اور قابلیت لاکھوں کو ترغیب دیتے رہیں گے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆